ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(458)

22-08-2023

## بہاولپور(          )ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ (Drug Addict rehabilitation squad)اپنے کام کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ایک ماہ کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی۔منشیات کی دلدل میں پھنسے 102افراد میں سے 66 کو صحت یاب ہونے پر ان کی فیملیز کے حوالے کیا جا چکا ہے۔بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے منشیات کے خلاف جاری مہم میں ڈی پی او سید محمد عباس کی قیادت میں منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری ہے جبکہ منشیات کی دلدل میں پھنسے ایسے تمام شہری جنہیں نا صرف گھر والے بلکہ معاشرہ بھی بوجھ کے طور پر گردانتا ہے، ایسے تمام منشیات کے عادی افراد کو ڈسٹرکٹ پولیس نے اپناتے ہوئے مختلف مقامات سے پک کیا اور مفت علاج معالجہ، رہائش کھانا وغیرہ کی سہولیات دے کر نئی زندگی کی جانب قدم بڑھانے میں مدد کرتے ہوئے معاشرے کا معزز شہری بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔منشیات کے عادی افراد کی بحالی کیلئے خصوصی اسکواڈ نے منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجہ کا کام جاری رکھتے ہوئے اب تک 102 افراد کو ہسپتال داخل کیا جن میں سے 66 کو افراد صحت یاب ہونے کے بعد اپنے گھروں کا روانہ کیا جا چکا ہے۔بقیہ 36 نشے کے عادی افراد ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔جن کو فری رہائش، بہترین کھانا، دھوبی، ہیئر کٹنگ کی سہولیات کے ساتھ ساتھ روزانہ کی بنیاد پر مختلف جسمانی ورزش اور ان کی اصلاح کے لئے مختلف کلاسز کا بھی عمل جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کا مستقبل تاریک ہونے سے بچانے کی بھرپور کوشش جاری ہے، یہ ایک صدقہ جاریہ بھی ہے اور ہمارا فرض بھی۔بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے۔صحت یاب ہونے والے افراد کی فیملیز نے ڈی پی او بہاولپور کی اس کاوش کو سراہا اور شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:ڈی پی او سید محمد عباس کی طرف سے عادی منشیات بحالی اسکواڈ کی ایک ماہ کی کارکردگی رپورٹ جاری،صحت یاب ہونے والے افراد کو ان کی فیملیز کے حوالے کیا جا رہا ہے

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(459)

مورخہ 23.08.2023

**بہاولپور( )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 08 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات،شراب و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ،تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان حارث اختر انصاری، اعظم اور سجاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 کلو 510 گرام چرس برآمد کر لی، جبکہ تھانہ سمہ سٹہ اور تھانہ اوچشریف پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 02 ملزمان طارق اعجاز اور وقاص بھٹی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 100 لیٹر دیسی شراب، 80 لیٹر لہن اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔اسی طرح اسلحہ ناجائز رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ بغدادالجدید، تھانہ عنائتی اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے 03 ملزمان دانیال علی، سرور اور عاصم بلوچ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل، 1 ریپٹر 12 بور اور 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر کے بند حوالات کیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ منشیات سے نوجوانوں کی زندگیاں متاثر ہو رہی ہیں لہذا ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بنایا جائے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**